Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | اتوار ، 21 ستمبر 2025ء، 27 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 172

فروغ امن کیلئے ہر قوم کو کردار ادا کرنا ہوگا، وزیر اعظم

پائیدار امن اس وقت تک ممکن نہیں جب تک تنازعات کی بنیادیں ختم نہ کر دی جائیں، فلسطین کے مقبوضہ علاقے اور بھارت کے زیر تسلط مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری سنگین انسانی المیوں کو نظر انداز نہیں کر سکتے، شہباز شریف

پاکستان کو اس امر پر فخر ہے کہ اس نے عالمی امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے، عالمی یوم امن پر آیئے ہم سب تعمیری اور اجتماعی عمل کا عہد کریں، ان ہتھیاروں کو خاموش کریں جو بے گناہوں کی جان لیتے ہیں، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پائیدار امن اس وقت تک ممکن نہیں جب تک تنازعات کی بنیادیں ختم نہ کر دی جائیں، آج دنیا بھر میں تنازعات اور ناانصافیاں بنی نوع انسان کے مستقبل کو خطرے میں ڈال رہی ہیں، امن کے فروغ کے لیے ہر فرد اور ہر قوم کو اپنا انفرادی اور اجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا، پاکستان کو اس امر پر فخر ہے کہ اس نے عالمی امن کے قیام میں بھرپور (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اعلیٰ مریم نواز گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت پنجاب بھر ٹریکٹر کی قرعہ اندازی کر رہی، کامیاب کسان کو ٹرین بیڈ کا بوکس دیا جا رہا ہے

وزیر اعلیٰ کا کامیاب کاشتکار محمد عاشق کو ٹیلی فون، مبارکباد دی

سی ایم پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کا دوسرا فیز، پنجاب 9500 ہائی پاور ٹریکٹرز کیلئے قرعہ اندازی

''کیسہ حال اے'' جمی ٹریکٹر اسلئے لیا کی کیا سی، تہاڈا ناں کُل آیا اے'' مریم نواز کی بات چیت

لاہور (این این آئی) سی ایم پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے دوسرے فیز کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پنجاب 9500 ہائی پاور ٹریکٹرز کیلئے قرعہ اندازی کی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قرعہ اندازی کا آغاز کیا۔ پہلا ٹریکٹر تحصیل اٹک کے (بقیہ نمبر 2)

پاک سعودیہ دفاعی معاہدہ، پاکستان کی بہت بڑی تاریخی کامیابی، رانا ثناء اللہ

مستقبل میں مسلم امہ اس اتحاد کا حصہ ہوگی، وقت آیگا کسی بھی مسلمان پر ظلم تمام مسلمان ملکوں پر حملہ تصور ہوگا

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب میں ایک تاریخی معاہدہ ہوا ہے، یہ معاہدہ عالم اسلام کا سنگ میل سال کا خواب تھا، اللہ خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب میں ایک معاہدہ نہیں بہت بڑی (بقیہ نمبر 5)

ایف آئی اے کا انسانی سمگلرز کیخلاف کریک ڈاؤن، 5 سمگلر گرفتار

ایران بھجوانے میں ملوث ملزم نے متاثرہ شہری کو عراق بھجوانے کے نام پر 20 لاکھ روپے ہتھیائے تھے

لیل آباد (این این آئی) ایف آئی اے لیل آباد اور سرگودھا زون نے انسانی سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، ایران میں تشدد سے شہری کی موت کا معاملہ، ملزم ثقلین سمیت 5 انسانی سمگلر گرفتار کر لئے گئے۔ ترجمان ایف (بقیہ نمبر 4)

ٹریفک قوانین میں تبدیلیاں، کم سے کم جرمانہ 2 ہزار

ہر خلاف ورزی پر 2 سے لیکر 4 پوائنٹس کی کٹوتی، سالانہ 20 پوائنٹس کی خلاف ورزیوں پر لائسنس معطل ہوگا، حکام

لاہور (این این آئی) ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ہوشیار، قوانین کی خلاف ورزی پر اب لائسنس معطل ہونگے، بھاری جرمانے ہوں گے۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے جیمرز لگائے گئے، سڑک حق مراحل میں پہنچ گئی، (بقیہ نمبر 3)

چلڈرن ہسپتال لاہور میں کینسر کے علاج کیلئے ہوپ چلڈرن کینسر سینٹر کی معاونت کو سراہا جائے گا

کوالیشن کینسر ٹریٹمنٹ متعارف

پنجاب ریجن کا پہلا اسٹیون گیا، وزیر اعلیٰ پنجاب

کاشمیر: صدر آصف علی زرداری کو کاشمیر یونیورسٹی کے علمی اور ثقافتی کردار پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

پیڈیاٹرک آنکالوجی کیلئے جرمنی کی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مفت علاج کریں گے، نواز شریف کینسر ہسپتال تعمیر کے آخری مراحل میں ہے جو پاکستان کا سب سے بڑا اور جدید ترین ہسپتال ہوگا

مریم نواز نے جرمن ملبی دفوری کی ملاقات، بچوں کے کینسر کے علاج میں معاونت پر اتفاق، وفد میں ہائیڈل برگ یونیورسٹی ہسپتال، جرمن کینسر ریسرچ سنٹر (DKFZ) اور ہوپ چلڈرن کینسر سنٹر (KITZ) کے ماہرین شامل تھے

لاہور (پی آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جرمن ادارے ہوپ چلڈرن کینسر سنٹر کے اعلیٰ سطح کے وفد سے ملاقات کی جس میں بچوں کے کینسر کے علاج میں جرمن اداروں کی معاونت پر اصولی اتفاق کیا گیا۔ ہوپ چلڈرن کینسر سنٹر کے وفد کی سربراہی جرمن پیڈیاٹرک آنکالوجسٹ اور نوبل پیس پرائز یافتہ ڈاکٹر سلیمان مائیکل نے کی، وفد میں ہائیڈل برگ یونیورسٹی ہسپتال، جرمن کینسر ریسرچ سنٹر (DKFZ) اور ہوپ چلڈرن کینسر سنٹر (KiT2) کے ماہرین شامل تھے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کو پہلا صوبہ ہے، اور ہم میں پنجاب کا سب سے بڑا اور جدید ترین نواز شریف (بقیہ نمبر 1 5)

پاکستان میں انٹرنیٹ اسپیڈ تیز ہونے کا امکان

12 سے 18 ماہ کے دوران پاکستان کو 3 نئے سب میرین کیبلز کے ذریعے عالمی نیٹ ورک سے منسلک کیا جائے گا

اس اقدام سے نہ صرف بین الاقوامی کنیکٹیویٹی بہتر ہوگی بلکہ آن لائن خدمات میں رفتار اور معیار میں بھی اضافہ متوقع ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں آئندہ 12 سے 18 ماہ کے دوران انٹرنیٹ کی رفتار تیز ہونے کا امکان ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی کے اجلاس میں آئندہ ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن نے تصدیق کی ہے کہ آئندہ 12 سے 18 ماہ کے دوران پاکستان کو 3 نئے سب میرین کیبلز کے ذریعے عالمی نیٹ ورک سے منسلک کیا جائے گا، کمیٹی کو بتایا گیا کہ تین کیبلز کے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے فلڈ ایریاز کے بچوں کو ورکر کے لیے اپنی بیٹی کو انچ دی، ویکسین کا کیس لگا کر سٹال قائم کر دی

پاک سعودی معاہدہ بڑی سفارتی کامیابی ہے، مریم نواز

شہباز شریف کو سعودی سرزمین پر وہ عزت ملی کہ دنیا دیکھتی رہ گئی، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (پی آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان میں دفاعی معاہدہ بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مدینہ (بقیہ نمبر 2 3)

دفاعی وزیر پیڈیو ٹیم طلی پرویز ملک کا جلال پور پیر والا کا دورہ، سیلاب سے متاثرہ گھیس کی نگرانی

پاک سعودیہ تاریخ ساز معاہدہ معرکہ حق کی فتح کے مرہون منت ہے

معاہدے کے ثمرات سے پاکستان معاشی طور بھی مستحکم ہوگا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کا معاہدہ تاریخ ساز معرکہ حق کی فتح کے مرہون منت ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے آصف نے کہا کہ 75 سال میں ہم نے پہلے بھی دفاعی معاہدے (بقیہ نمبر 2 4)

پاکستان کو اس امر پر فخر ہے کہ اس نے عالمی امن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کیا ہے، عالمی یوم امن پر آیئے ہم سب تعمیری اور اجتماعی عمل کا عہد کریں، ان ہتھیاروں کو خاموش کریں جو بے گناہوں کی جان لیتے ہیں، پیغام

سوشل میڈیا پر دولت کی نمود و نمائش کرنیوالے امیر افراد FBR کے ریڈار پر آ گئے

ایف پی آر سوشل میڈیا ٹیم نے شاہانہ لائف اسٹائل رکھنے والے ایک لاکھ امیر افراد کا ڈیٹا جمع کر لیا

شادیوں پر بیس، بیس ہزار ڈالر ایک کے سوٹ استعمال کئے جا رہے ہیں، اکم ٹیکس گوشواروں میں شاہانہ لائف اسٹائل ظاہر نہ کرنے والے پکڑیں آئیں گے

لاہور (پی آئی) سوشل میڈیا پر دولت کی نمود و نمائش کرنے والے امیر افراد ایف بی آر کے ریڈار پر آ گئے۔ ایف بی آر سوشل میڈیا ٹیم نے افراد کا ڈیٹا جمع کر لیا۔ حکام نے واضح کیا کہ بڑے بڑے بنگلوں، مہنگی گاڑیوں، زیورات شاہانہ لائف اسٹائل رکھنے والے ایک لاکھ امیر افراد کا ڈیٹا جمع کر لیا۔ حکام نے واضح کیا کہ مشاہدہ پر شاہانہ اخراجات کرنے والے بھی زد میں آئیں گے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 6)

کاشمیر: صدر آصف علی زرداری سردیوں پرانی اینڈ سمبو میں نماز عصر ادا کر رہے ہیں

گھات لگائے ملزمان کی فائرنگ سے پیشی پر آئے ماں بیٹا جاں بحق

چونگر (این این آئی) پیشی پر آئے افراد پر گھات لگائے بیٹھے ملزمان کی فائرنگ سے ماں اور بیٹا جاں بحق ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ چھ کی میں جوڈیشل کمپلیکس کے قریب گھات لگائے ملزمان نے چالیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں بیٹا سرفراز اور اس کی والدہ حسنہ جاں بحق ہو (بقیہ نمبر 7)

4 ڈی ایس پیز پر اسمگلنگ میں سہولت کاری، قبضے اور بھتہ وصولی کے الزامات

ڈی ایس پی کلاکوٹ آصف منور پر منشیات فروشوں اور پارکنگ مافیا سے بھتہ وصولی کا الزام ہے، انکوائری کا حکم

آئی جی سندھ نے انکوائری افسر ڈی آئی جی خورشید عالم اوڈ کو 26 ستمبر تک انکوائری رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کر دی

کراچی (این این آئی) آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے ڈی ایس پیز کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا۔ ڈی آئی جی خورشید عالم اوڈ کو انکوائری افسر مقرر کر دیے گئے۔ جن ڈی ایس پیز کے خلاف انکوائری کا حکم دیا گیا ہے ان میں ڈی ایس پی سہراب گوٹھ اور نزیب خٹک، ڈی ایس پی کلاکوٹ آصف منور، ڈی ایس پی کھارادر شبیر احمد اور ڈی ایس پی میرگھاٹ ظفر اقبال شامل ہیں۔ چاروں ڈی ایس (بقیہ نمبر 1 0)

پاکستان ریلوے نے ٹرینوں کی آؤٹ سورسنگ معطل کر دی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے ٹرینوں کی حالیہ آؤٹ سورسنگ معطل کر دی۔ وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے نجکاری کے بعد ریلوے ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ اجلاس میں مسافر ٹرینوں کی آؤٹ سورسنگ اور پرائیویٹ نیلامی کے ذریعے کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 1 1)

احمد یار، تیز دھار آلے سے چالیس سال قید کی سزا کاٹنے کا فیصلہ

احمد یار (این این آئی) تھانہ بگھیانہ کی حدود میں تیز دھار آلے سے چالیس سال قید کی سزا کا فیصلہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نواحی چک ہوتہ میں جوالا تیمور ماچھی کے بیٹے محمد رمضان کو گھر میں نامعلوم فرد نے تیز دھار آلے سے موت کے گھاٹ اتار دیا تھا جس (بقیہ نمبر 1 3)

زیادتی کیس، سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر کو 14 سال قید کی سزا

تین لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد ہوگا، شادی کا جھانسہ دیکر زیادتی کا نشانہ بنایا

ملزم کے خلاف 2024 میں نواب ٹاؤن پولیس نے مقدمہ درج کیا تھا

لاہور (این این آئی) سیشن کورٹ نے خاتون سے زیادتی کے کیس میں سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر کو چودہ سال قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل سیشن جج ظفر اب چدھڑ نے سرکاری ہسپتال کے ڈاکٹر کی خاتون سے زیادتی کے کیس کی سماعت کی۔ ڈاکٹر کو چودہ سال قید کی سزا سنا دی۔ ایڈیشنل ...دوران سماعت (بقیہ نمبر 8)

جعفر ایکسپریس حملے کا ماسٹر مائنڈ افغانستان میں ہلاک

دشمن گل رحمان قتنہ الہندوستان مجید بریگیڈ کا ٹرینر اور آپریشنل کمانڈر تھا، سکیورٹی فورسز، چینی شہریوں، معصوم شہریوں اور مختلف اداروں پر حملوں میں ملوث تھا

رواں سال مارچ میں ٹرین آپریشن میں 33 دہشت گرد مارے گئے تھے جبکہ کل 26 شہادتیں ہوئی تھیں، سکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) فتنہ الہندوستان کا دشمن گل رحمان عرف دشمن اور مختصر ایکسپریس حملے کا ماسٹر مائنڈ افغانستان میں ہلاک ہو گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کا دشمن گل رحمان عرف دشمن اور مختصر ایکسپریس حملے کا ماسٹر مائنڈ افغانستان میں ہلاک ہو گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ دشمن گل رحمان فتنہ الہندوستان مجید بریگیڈ کا ٹرینر اور آپریشنل کمانڈر تھا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ دشمن گل رحمان سکیورٹی فورسز، چینی شہریوں، (بقیہ نمبر 2 5)

انسانیت سوز تشدد کا نشانہ بننے والی اونٹنی علاج کیلئے کراچی منتقل

اونٹنی کی ٹانگ کچلی ہوئی جبکہ جبڑا ٹوٹا، زبان جلی ہوئی ہے

کراچی (این این آئی) کھرے کے علاقے روہڑی میں اونٹ کی ٹانگ کاٹنے والے دو ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر لیا جبکہ متاثرہ اونٹ کو دریافت کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق دریافت شدہ اونٹ کو علاقے روہڑی (بقیہ نمبر 1 2)

حکمران ناکامیوں کو تسلیم کریں، نظام میں بہتری لائیں حافظ نعیم الرحمٰن

ریاست کی رٹ قائم کرنا ہی نہیں، عوام کو حقوق کی فراہمی بھی حکومتوں کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکمران اپنی ناکامیوں کو تسلیم کریں اور نظام میں بہتری لائیں، صرف ریاست رٹ قائم کرنا ہی نہیں عوام کو بنیادی سہولیات اور حقوق کی فراہمی بھی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ کی مقامی یونیورسٹی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 2 6)

پاکستان مسلم لیگ (ق) کا (آج) یوم تشکر منانے کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان باہمی دفاعی معاہدے کی خوشی میں آج (اتوار) کو یوم تشکر منانے کا اعلان کر دیا۔ مرکزی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان (بقیہ نمبر 2 7)

خضدار سینئر سیاسی رہنماؤں کے گھر پر دستی بم حملہ، 7 محافظ زخمی

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما آغا شکیل اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر آغا شازیب کے گھر پر نامعلوم افراد نے حملہ کیا

ایک بزرگ کا رد رائی کا رد رائی کے جو ملائے تھے میں ان دلان کو خراب کرنے کی کوشش ہے، خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، البتہ حساب کا نقصان کو معمولی دم آئے ہیں

خضدار (ٹائمز ڈیسک) بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے دوگھاریں میں پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینئر رہنما آغا شکیل احمد کے گھر پر نامعلوم افراد نے دستی بم سے حملہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ حملہ بھرات کی رات ساڑھے نو بجے پیش آیا جس کے نتیجے میں گھر کے سات محافظ معمولی طور پر زخمی ہو گئے۔ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر (بقیہ نمبر 1 4)

موٹر وے ایم 5 جلال پور پیر والا کے قریب ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند

ملتان سے سکھر جانے والے مسافر شاہ انٹس انٹرچینج، اوچ شریف انٹرچینج سے دوبارہ موٹر وے ایم 5 پر سفر جاری رکھ سکتے ہیں

سکھر سے ملتان آنے والی ٹریک اوچ شریف انٹرچینج سے قومی شاہراہ استعمال کر کے شاہ انٹس انٹرچینج کے ذریعے دوبارہ ایم 4 کو جوائن کر سکتی ہے

لاہور (این این آئی) موٹر وے ایم 5 جلال پور پیر والا کے قریب ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دی گئی۔ ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق ٹریفک کو متبادل راستوں سے گزارنے کے لیے ڈائیورشن پلان جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ملتان سے سکھر جانے والے مسافر شاہ انٹس انٹرچینج سے قومی شاہراہ کا رخ کر سکتے ہیں اور اوچ شریف انٹرچینج سے دوبارہ موٹر وے ایم 5 پر سفر جاری رکھ سکتے ہیں۔ اسی طرح سکھر سے ملتان آنے والی ٹریک اوچ شریف انٹرچینج سے قومی شاہراہ استعمال کر کے شاہ انٹس انٹرچینج کے ذریعے دوبارہ موٹر وے ایم 4 کو جوائن کر سکتی ہے۔ ترجمان کے (بقیہ نمبر 8)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شاہ محسن ابدالی کا ہاکی گیند کی ایڈوانس بکنگ کا افتتاح کر رہے ہیں

راولپنڈی: گرجا ورڈ پروانچ ایونیوز کے بھنے پر ایک نوجوان ایشیں تیار کرنے میں مصروف ہے

ہان فائمگر سوشل میڈیا انفلوئنسر ز کیخلاف اکتوبر سے کریک ڈاؤن کی تیاری

30 ستمبر تک اکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کی فہرست تیار کی جا رہی ہے، ذرائع ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے ہان ٹاکرز سوشل میڈیا انفلوئنسر ز کے خلاف سخت اقدامات کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق 30 ستمبر تک اکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کی فہرست تیار کی جا رہی ہے جس کے بعد اکتوبر سے بڑے پیمانے پر (بقیہ نمبر 2 0)

شجاع آباد، تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے امام مسجد جاں بحق

پولیس نے تیز رفتار موٹر سائیکل سوار کو حراست میں لے کر مزید تفتیش شروع کر دی

شجاع آباد (پی آئی) شجاع آباد کے جلالپور روڈ پر تیز رفتار موٹر سائیکل کی ٹکر سے 70 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ حادثے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی (بقیہ نمبر 2 1)

انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی بھرتی کے امتحان کی ڈیٹ شیٹ جاری

تحریری امتحانات 20 اکتوبر سے 28 اکتوبر 2025 تک جاری رہیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی بھرتی کے امتحان کی ڈیٹ شیٹ جاری کر دی جس کے مطابق تحریری امتحانات (بقیہ نمبر 9)



راولپنڈی: کرجا ورڈ پروانچ ایونیوز کے بھنے پر ایک نوجوان ایشیں تیار کرنے میں مصروف ہے

ہان فائمگر سوشل میڈیا انفلوئنسر ز کیخلاف اکتوبر سے کریک ڈاؤن کی تیاری

30 ستمبر تک اکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کی فہرست تیار کی جا رہی ہے، ذرائع ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے ہان ٹاکرز سوشل میڈیا انفلوئنسر ز کے خلاف سخت اقدامات کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق 30 ستمبر تک اکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کی فہرست تیار کی جا رہی ہے جس کے بعد اکتوبر سے بڑے پیمانے پر (بقیہ نمبر 2 0)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کرائم کنٹرول، ٹریفک مینجمنٹ اور پولیس ڈیٹینشن سیلوں کے جائزہ بارے میڈیا ٹیک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی رائے پر مبنی صحافت
ABC WWW.abc.com.pk

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

پاکستان اور چین دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کاربند

چین کی کمیونسٹ پارٹی سکریاگ کے سیکرٹری چن شیاؤ جیانگ نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات میں کہا ہے کہ پاکستان اور چین دہشت گردی اور علیحدگی پسندی کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر کاربند رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکیاگ انتہا پسندی کی بنیادی وجوہ پر قابو پانے اور سماجی ترقی کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ پاکستان اور چین کے درمیان آٹھ سسٹرسٹی معاہدے ہیں جن میں آرمچی اور پشاور بھی شامل ہے۔ اس موقع پر صدر مملکت نے کہا کہ چین کے عوام کی یک جہتی اور سکیاگ کی ترقی متاثر کن ہے، پاکستان اور چین کی دوستی وقت کی ہر آزمائش پر پوری اتری ہے اور پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم ستون ہے۔ پاکستان دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے چین کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ دوسری جانب، خضدار میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 4 خوارج ہلاک ہوگئے۔ اسی طرح، چمن اور پسنی میں دو مختلف واقعات میں 6 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع خضدار میں انٹیلی جنس اطلاعات پر آپریشن کیا جس میں فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گرد مارے گئے۔ کارروائی بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کی گئی۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ ہلاک ہونے والے تخریب کار دہشت گردی کی مختلف سرگرمیوں میں ملوث تھے۔ علاقے میں موجود مزید دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اس وقت پاکستان کو جن بڑے بڑے مسائل کا سامنا ہے دہشت گردی ان میں سرفہرست ہے اور اس کی وجہ سے پاکستان کو بہت زیادہ نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ دہشت گردی پاکستان اور چین کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ دونوں ہی بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گرد گروہوں اور تنظیموں کی طرف سے ہونے والی دہشت گردی کی زد میں ہیں۔ اس حوالے سے صدر زرداری کا دورۂ چین خطے میں دہشت گردی کے خاتمہ کے مثبت نتائج لائے گا۔ اس دورے سے دونوں ملکوں کے تعلقات میں مزید استحکام آئے گا اور امن وامان کے لیے دونوں ملک مثبت انداز میں ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

رحمت اللعالمین ﷺ

اہل مکہ کئی دن سے شدید قحط کا شکار تھے چند روز بادل بچے غرض ہر ذی روح پریشان اور سخت رنج سے تھے اور بار بار حق نظروں سے آسمان کی طرف دیکھ رہا تھے لیکن دعائیں قبول نہ ہو رہی تھیں اہل مکہ شدت سے بارش کی دعائیں مانگ رہے تھے لیکن بارش نہیں ہو رہی تھی۔ ابن عساکر بتھہ بن عرفطہ سے ناقل ہے کہ میں مکہ آیا تو اہل مکہ شدید قحط میں مبتلا تھے ایک بوڑھا لات وعزیٰ بتوں کے پاس چلا گیا۔ دور ابولا مانت بت کے پاس چلا۔ تو کسی بوڑھے نے کہا تم کہاں اٹھے جا رہے ہو حالانکہ تمہارے درمیان باقی ابراہیم و سلالہ اسماعیل موجود ہیں وہ بولے تمہاری مراد ابو طالب ہیں جن تمام لوگ حضرت ابو طالب کے گھر پہنچ کر دروازے پر دستک دی۔ ابو طالب باہر نکلے تو سب کہنے لگے۔ جنگل قحط زدہ ہو گیا ہے۔ زندگی خطرے میں ہے چل بارش مانگ تو ابو طالب گھر سے نکلا تو اس کے ساتھ ایک خوبرو لڑکا تھا۔ جو گویا آفتاب تھا۔ چہرا آبدار سورج معلوم ہوتا تھا، اس کے گرد اور بھی بچے تھے۔ ابو طالب نے اس بچے کو لیا اور اس کی پیٹھ کعبہ کی دیوار سے لگا دی اس بچے نے انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور انتہائی نظروں سے دیکھا۔ اسے بچے کا آسمان کی طرف دیکھنا اور انگلی کا اشارہ کرنا تھا اشارے سے پہلے آسمان پر بادل کا ایک ٹکڑا نہیں تھا لیکن دیکھتے ہی دیکھتے ہر طرف سے بادل دوڑ کر آنے لگے۔ ایسی دھواں دار بارش ہوئی کہ وادی اور جنگل میں سیلاب آ گیا آبادی اور وادی سرسبز وشاداب ہو گئے۔ اسی بارے میں ابو طالب نے کہا۔ ترجمہ وہ خوبصورت گورے چہرے والے جن کی ذات کے وسیلے سے بارش طلب کی گئی ہے وہ یتیموں کا ماویٰ ہیں بیوہ عورتوں کا محافظ ہیں۔ حضرت عبداللہ کا بیٹا محمد ﷺ تھا۔ جو پوری انسانیت کے لیے سرچشمہ ہدایت، سرور کونین اور باعث نجات ہیں۔ نبوت کے بعد جب قریش کے ستر سردار سے تھے تو ابو طالب نے آپ کی شان میں یہ قصیدہ لکھا جو سیرت ابن ہشام میں درج ہے۔ سرور دو عالم واقعی رحمت دو عالم ہیں خالق کائنات نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ ارشاد ربانی ہے، اور ہم نے (اے رسول (آپ کو تمام جہانوں کے لیے) سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے سید دو جہاں کی آمد سے کسری کے محل کے ستر کنگرے بھی نہیں ٹوٹے بلکہ ساری کی ساری بنا لیں لگ گئیں علم و بربریت کے علمبردار عرب لوگوں نے جو انسانیت کے سینے پر بوجھ تھے وہ سارے کے سارے غلام آقا محمد ﷺ ہو گئے جو ہزاروں سالوں سے انسانیت کے گریبان سے الجھے ہوئے تھے۔ آپ کی حیات طیبہ کا ایک ایک لمحہ نہ صرف امت مسلمہ بلکہ پوری انسانیت کے لیے مینارِ نور کی حیثیت رکھتا ہے اپنے پرائے سب نبی ﷺ پر جان نثار کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کی شان رحمت پر کیا کہنا ہے۔ نبوت سے پہلے کی زندگی میں بھی آپ ﷺ کے مزاج میں مظلوموں کی دلدوز خدمت خلق اور دکھی انسانوں کی دلجوئی آپ ﷺ کا دربار رحمت و شفقت کا مظہر تھا یہاں اپنے پرائے سب نبی ﷺ پناہ لیتے تھے۔ اگر بے سہارا، بے آسرا اور مظلوم انسانہ تھا جسے آپ ﷺ کی شان رحمت سے بھروسہ نہ ملتا ہو آپ ﷺ کسی صحرا میں خشک پاؤں کا مانند جیسے حق پر کوئی خالی جام لے کر ڈٹ پڑا اور پھر بھر کر اٹھایا کہ صدیوں کی پیاس بجھ گئی۔ یقیناً والے تمام انبیاء سرتاپا رحمت تھے مگر وہ رحمۃ للعالمین نہیں تھے وہ صرف اپنی قوم، علاقے اور دور اپنے زمانے تک ہی محدود تھے جبکہ شہنشاہ مدینہ ﷺ کی رحمت وشفقت کا دائرہ ہر عہد، ہر زمانے، ہر قوم اپنے پرائے، کائنات مخلوقات جہانوں اور دنیا اور آخرت کے لیے ہے رحمت کے اس عظیم خزانے نے جسم رحمت کے دربار میں اپنے پرائے، محسن انسانیت سردار الانبیا، سرور کونین اور باعث نجات ہیں۔ نبوت کے بعد جب قریش کے ستر سردار سے تھے تو ابو طالب نے آپ کی شان میں یہ قصیدہ لکھا جو سیرت ابن ہشام میں درج ہے۔ سرور دو عالم واقعی رحمت دو عالم ہیں خالق کائنات نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ ارشاد ربانی ہے، اور ہم نے (اے رسول (آپ کو تمام جہانوں کے لیے) سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے سید دو جہاں کی آمد سے کسری کے محل کے ستر کنگرے بھی نہیں ٹوٹے بلکہ ساری کی ساری بنا لیں لگ گئیں عل

لقیہ 1

کرار ادا کیا ہے۔ وزیر اعظم آفس کے سیڈیوٹ کے جاری بیان کے مطابق یہ بات وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے مالی امور اور آئن کے موضوع پر اپنے پیغام میں کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ دن ہمیں یہ اعتماد اور اس امر کی یاد دلاتی ہے کہ اس کے فروغ کے لیے ہر فرد اور ہر ادارہ کو اپنا اور اجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اس وقت جس دور سے گزر رہا ہے وہ سخت حالات کا ہے، ہمیں چیلنجز درپیش ہیں، اندرونی اور بیرونی چیلنجز درپیش ہیں لیکن ہم نے ان چیلنجز کو شکست دی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہم نے ان چیلنجز کو شکست دی ہے اور ہم نے ان چیلنجز کو شکست دی ہے اور ہم نے ان چیلنجز کو شکست دی ہے اور

حکومت آئی ایس ایم او اور نیپرا کو مکمل تعاون فراہم کرے گی

حکومت بجلی کی شفاف اور مسابقتی مارکیٹ کے قیام کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیر توانائی

توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اصلاحات کر رہے ہیں، سردار اویس احمد خان لغاری کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ حکومت بجلی کی شفاف اور مسابقتی مارکیٹ کے قیام کے لیے پرعزم ہے، توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اصلاحات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو یہاں اسلام آباد میں سی ٹی بی ایم کی سالیک ہولڈر وکشاپ سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا کہ قابل تجدید اور ماحول دوست توانائی کے ذرائع سے استفادہ کر رہے ہیں تاکہ مجموعی طور پر ماحول بھی بہتر ہو سکے اور شفاف توانائی (بقیہ نمبر 8 2)

تھانہ چکلالہ کے علاقہ میں آفس پر فائرنگ کے واقعہ سی پی او کا نوٹس

ایس ایس پی انویسٹی گیشن رضا خنویر سپرا کا جائے وقوعہ کا دورہ

راولپنڈی (فیصل ندیم سے) تھانہ چکلالہ کے علاقہ میں آفس پر فائرنگ کے واقعہ پر سی پی او سید رفاقت ہمدانی کا نوٹس، ایس ایس پی انویسٹیگیشن رضا خنویر سپرا کا جائے وقوعہ کا دورہ، ایس ایس پی انویسٹیگیشن رضا خنویر سپرا کا جائے وقوعہ پر دورہ، ملزمان کی تلاش، ایس ایس پی چکلالہ کو ہدایات دی، واقعہ کے وقت آفس بند تھا، کسی قسم کا جانی نقصان نہیں (بقیہ نمبر 9 2)

کاشمر: صدر آصف علی زرداری کا شمرو یونیورسٹی میں پاکستانی طلباء سے بات چیت کر رہے ہیں

خسرہ کے دنیا میں دوبارہ پھیل جانے کا خطرہ سر اٹھانے لگا

دنیا بھر میں خسرہ کے کیسز میں 20 فیصد تک اضافہ ہوا ہے، عالمی ادارہ صحت

ٹیوارک (این این آئی) دنیا بھر میں خسرہ کے کیسز میں 20 فیصد تک اضافہ ہو گیا۔ عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق خسرہ وبا کا دوبارہ پھیلنا دوبارہ پھیلنے کا خدشہ سر اٹھا رہا ہے، گزشتہ سال کے دوران دنیا بھر میں 20 فیصد سے زیادہ کیسز بڑھ گئے ہیں، اوسطاً (بقیہ نمبر 3 1)

پرائیویٹ کمپنیوں کی پیکنگ والا آٹا سستا ہو گیا

5 کلوگرام کے تھیلے کی قیمت میں 80 روپے کی کمی کر دی گئی

لاہور (سی این این) پنجاب حکومت کے بھرپور ایکشن کی وجہ سے آٹے کی قیمت میں کمی کر دی گئی۔ پرائیویٹ کمپنیوں کی پیکنگ والا آٹا سستا ہو گیا، 5 کلوگرام کے تھیلے کی قیمت میں 80 روپے کی کمی کی گئی۔ 5 کلوگرام آٹے کی قیمت 2 0 7 روپے میں صارفین کو ملے گا۔ سوشل ریٹ والا 10 کلو آٹے کا تھیلا 905 روپے، 2 0 کلو آٹے (بقیہ نمبر 3 2)

افغانستان سے دراندازی کے ثبوت سلامتی کونسل میں پیش

داعش، القاعدہ، ٹی ٹی پی، بی ایل اے، مجید بریگیڈ سمیت دیگر دہشتگرد تنظیمیں افغان پناہ گاہوں سے کام کر رہی ہیں

افغانستان میں 60 سے زائد عسکریت پسند کیمپ پاکستان کی قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، پاکستانی مندوب عاصم افتخار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیموں کا معاملہ اقوام متحدہ میں اٹھاتے ہوئے افغانستان کی سرزمین سے سرحد پار حملوں (بقیہ نمبر 7 4) پیش کر دیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان نے سلامتی کونسل کو بتایا کہ افغانستان میں 60 سے زائد عسکریت پسند کیمپ پاکستان کی قومی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، پاکستان نے افغان طالبان کو سرحد پار حملوں (بقیہ نمبر 7 4) روکنے اور حملوں کے ثبوت سلامتی کونسل میں